رائے عامہ سروے

# عمومی

# جنس

## دنیا بھر میں 45% جوابدہندگان کے مقابلے میں 40% پاکستانیوں کا خیال ہے کہ خواتین کے پاس مردوں کے مقابلے میں ملازمت اور کیریئر کے کم مواقع ہوتے ہیں۔

**(گیلپ پاکستان اور ون ورلڈ سروے کی رپورٹ جاری) ،**

(اسلام آباد) ،24 مارچ، 2022


پاکستان میں گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے (اور اسی طرح کا سروے دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) کی جانب سے دنیا بھر میں منعقد کیا گیا) کے مطابق ، دنیا بھر میں 45% جوابدہندگان کے مقابلے میں 40% پاکستانیوں کا خیال ہے کہ خواتین کے پاس مردوں کے مقابلے میں ملازمت اور کیریئر کے کم مواقع ہوتے ہیں۔

یہ نتائج دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) جو کہ دنیا بھر میں ہر براعظم میں مارکیٹ کے حوالے سے ریسرچ اور رائے عامہ سروے منعقد کرنے والا ایک عالمی ادارہ ہے کے حالیہ بین الاقوامی سروے جسے دنیا بھر میں منعقد کیا تھا میں سے سامنے آئے ہیں۔ ون انٹرنیشنل نے سالانہ ون ورلڈ سروے (WWS-2021) شائع کیا ہے، اس سروے میں دنیا بھر کے 39 ممالک کے باشندوں نے شرکت کی، جس میں 33،236 افراد کی رائے اور عقائد کا تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔خواتین کے عالمی دن کے موقع پر WIN نے مرد و عورت کی برابری، تشدد اور جنسی زیادتی کے حوالے سے سروے کے تازہ ترین نتائج جاری کیے ہیں، تاکہ اس بات کو سمجھا جاسکے کہ دنیا بھر میں مواقعوں اور حقوق میں برابری کے لحاظ سے کوئی بہتری آئی ہے۔ پاکستان میں فیلڈ ورک کا انعقاد 10 اکتوبر سے 11 نومبر 2021 کے درمیان ہوا اور یہ سروے 1000 افراد سے لیا گیا۔

انٹرنیشنل پریس ریلیز کی مکمل رپورٹ یہاں سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" آپ کے خیال میں پاکستان میں خواتین کے پاس مردوں کے مقابلے میں ملازمت اور کیریئر کے زیادہ مواقع ہوتے ہیں، کم مواقع ہیں یا اتنے ہی مواقع ہیں جتنے مردوں کے پاس ہیں "**۔ پاکستان میں اس سوال کے جواب میں 25% جوابدہندگان کے مطابق ہمارے ملک میں خواتین کے پاس مردوں کے مقابلے میں زیادہ مواقع ہوتے ہیں، 29% جوابدہندگان کے مطابق خواتین کے پاس اتنے ہی مواقع ہیں جتنے مردوں کے پاس ہیں، جبکہ 40% جوابدہندگان کے مطابق ہمارے ملک میں خواتین کے پاس مردوں کے مقابلے میں کم مواقع ہوتے ہیں، تاہم 6% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

"آپ کے خیال میں پاکستان میں خواتین کے پاس مردوں کے مقابلے میں ملازمت اور کیریئر کے زیادہ مواقع ہوتے ہیں، کم مواقع ہیں یا اتنے ہی مواقع ہیں جتنے مردوں کے پاس ہیں؟"




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1000 مرد و خواتین سے 20 اکتوبر تا 11 نومبر 2021 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

WiN Worldwide Independent Network Of Market Research

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, March 24, 2022**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating
42
years
of Gallup Pakistan
(1980-2022)